# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی سفید مکھی کے تدارک کیلئے ایڈوائزری جاری کردی

لاہور: **04**اگست**2026**: ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ کپاس کے کاشتکار سفید مکھی کے تدارک کیلئے فصل کی خاص طور پر ہفتے میں دو بار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور کپاس کی فصل کے کھیت اور اسکے اردگرد جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کریں۔اس کے علاوہ متبادل میزبان فصلات پر سفید مکھی کا بروقت تدارک کریں۔کاشتکار کپاس کی فصل کو پانی کی کمی ہرگز نہ آنے دیں اور فصل کی ضرورت اور موسمی حالات کے مطابق آبپاشی کریں۔سفید مکھی کے کنٹرول کیلئے 20 پیلے چکنے والے کارڈ فی ایکٹر لگائیں اور ہر 15 دن کے وقفے کے بعد چپکنے والا گلو دوبارہ لگائیں۔سفید مکھی کے نقصان کی معاشی حد 5 بالغ یا بچہ یا دونوں ملا کر فی پتہ ہو تو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔کاشتکار ایک ہی کیمسٹری کی زرعی زہروں کے بار بار استعمال سے گریز کریں اور سپرے سے پہلے سپرے مشین کی کیلی بریشن کریں۔سپرے کیلئے ترجیحاً ہالوکون نوزل/پاور سپرئیر کا استعمال کریں۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆☆